ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

18.06.2021

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے جمعہ کے روز کھلی کچہری سے بھیجی جانے والی درخواستوں کا فالواپ لیا،مناسب عمل درآمد پر اطمینان کا اظہار کیا۔

متعلقہ ڈی ایس پیز کا جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کے حوالے سے اپنے سرکلز میں وزٹ،ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت،مناسب حفاظتی اقدامات کرنے کے ساتھ مشکوک اشخاص پر کڑی نظر رکھیں،

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی کے پیش نظر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے جمعتہ المبارک کے روز گزشتہ درخواستوں پر فالو اپ لیا، متعلقہ افسران کی طرف سے بھجوائی جانے والی رپورٹس کا جائزہ لیا اور مناسب ہدایات جاری کیں، دیے گئے احکامات پر عمل درآمد کی صورت میں اطمینان کا اظہار کیا۔مزید برآں متعلقہ ڈی ایس پیز نے اپنے اپنے سرکلز میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا،سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کے ویپن اور میٹل ڈیٹیکٹرز کی ورکنگ چیک کی،اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس افسران کو میسج دیا کہ سیکیورٹی پر مامور جوان اپنی سیفٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے مورچے میں کھڑے ہو کر اور بلٹ پروف جیکٹس وہیلمٹ کا استعمال کریں،ہم تب ہی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنا سکتے ہیں جب ہم خود حفاظتی اقدامات کو اپنائیں گے۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

18.06.2021

بہاولپور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے تعلیمی اداروں اور یونیورسٹیز کی سیکیورٹی آڈٹ کا حکم دے دیا،تمام متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اپنے علاقوں میں تعلیمی اداروں کی سیکیورٹی کو فول پروف بنائیں،طلباء ہمارے ملک کا مستقبل ہیں ایک محفوظ اور اطمینان ماحول میں تعلیم حاصل کرنے سے ان میں خوداعتمادی،حب الوطنی اور سیکیورٹی اداروں کے لیے محبت کا جذبہ ابھرتا ہے،ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی سیکیورٹی کے حوالے سے ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلع بہاول پور کے تمام تعلیمی اداروں، کالجز اور یونیورسٹیز کی سیکیورٹی آڈٹ کا حکم دیا ہے، تمام ایس ڈی پی اوز اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز اپنے تھانہ کی حدود میں تمام تعلیمی اداروں کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیں اور اس کی رپورٹ ڈی پی او آفس بھجوائیں، تعلیمی ادارے کی سیکیورٹی کو فول پروف بنائیں،ڈی پی او نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا سیکیورٹی پر تعینات گارڈز اور اہلکاروں کے ویپنز ،میٹل ڈیٹیکرز کی ورکنگ کو چیک کریں، CCTV کیمرہ جات کی انسٹالیشن اور سیکیورٹی واچ سسٹم کا مناسب انتظام کروائیں، اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس افسران سے کہا کہ تعلیمی اداروں میں علم کے حصول کے لیے آنے والے طلباء ہمارے ملک کا مستقبل ہیں،ملکی صورتحال اور سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر فول پروف سیکیورٹی مہیا کرنا ہماری ذمہ داری کا حصہ ہے،ایک محفوظ اور پر اطمینان ماحول میں تعلیم حاصل کرنے سے ان میں خوداعتمادی، حب الوطنی اور سیکیورٹی اداروں سے محبت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

18.06.2021

بہاولپور() پولیس نے شہریوں کے ساتھ جعلی NGO کا جھانسہ دیکر فراڈ کرنے والے گروہ کو دھرلیا، مزید کارروائیوں میں موبائل فونز، منشیات اور اسلحہ برآمد، ملزمان گرفتار، مقدمات درج، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آپریشن مزید تیز کیا جائے، کام کرنے والے افسران ہی میرے لیے قابل عزت ہیں، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی کرائم کنٹرول کرنے کے حوالے سے پالیسی کے مدنظر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلع بہاولپور میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آپریشن کا آغاز کیا تھا، جس کے نتیجے میں تھانہ سول لائنز پولیس نے جعلی NGO بنا کر سادہ لوح شہریوں سے فراڈ کر کے پیسے بٹورنے والے گروہ کو گرفتار کرلیا، شہریوں سے لوٹی ہوئی رقم بھی برآمد کر کے شہریوں کے حوالے کی، ملزمان شاہد اور عامر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا، اس کے علاوہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے ملزمان جعفر، علی اور فرقان سے 12 عدد موبائل فونز، اسسریز اور نقدی 22 ہزار روپے برآمد کر لی، مزید پولیس تھانہ سول لائنز، سٹی یزمان، سٹی حاصل پور اور سمہ سٹہ نے مختلف کارروائیوں میں 700 گرام چرس، 120 لیٹر شراب، ناجائز اسلحہ بندوق 12 بور برآمد کر کے ملزمان محمد افضل، جمشید، وقاص اور امتیاز کو گرفتار کرلیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ ڈیلی بیسز پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، میری پالیسی بہت کلیئر ہے جو بھی آفیسر Crime Control اور Crime Prevention میں برتری لے گا وہی آفیسر میرا فیورٹ ہے اور جو کوئی آفیسر ٹائم پاس کرے گا اس کو کسی ذمہ دار سیٹ پر رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

بہاول پور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس